# 29-07-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے واضح طور پر کہا ہے کہ ان کی حکومت، پچھلی حکومت کی جانب سے کی گئی بے قاعدگیوں کو سامنے لانے کے لئے پرعزم ہے۔

۲۔پولیس نے جی ایس ٹی کے معاملہ میں 1400 کروڑ روپے سے زائد رقم کی دھوکہ دہی کے معاملہ میں سابق چیف سکریٹری سومیش کمار اور دیگر چار افراد کے خلاف کیس درج کیا ہے۔

۳۔جشنو دیو ورما آئندہ دو دن میں تلنگانہ کے گورنر کی حیثیت سے جائزہ حاصل کریں گے۔

اور

۴۔مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ پردھان منتری آواز یوجنا اسکیم کے تحت ابتک ایک کروڑ 18 لاکھ سے زائد مکانات کی منظوری عمل میں آچکی ہے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے واضح طور پر کہا ہے کہ ان کی حکومت، پچھلی حکومت کی جانب سے کی گئی بے قاعدگیوں کو سامنے لانے کے لئے پرعزم ہے اور اقتدار میں شامل رہے افراد کی جانب سے دھوکہ دہی کے ذریعہ حاصل کی گئی عوامی رقومات کا بھی حساب کیا جائے گا۔اِس سلسلہ میں حکومت نے ایک عدالتی کمیشن قائم کیا ہے جو چھتیس گڑھ حکومت اور یدادری و بھدرادری برقی پراجکٹس کے سلسلہ میں برقی خریدی کے معاہدوں کی تحقیقات کرے گا۔ریونت ریڈی نے اعلان کیا کہ مذکورہ کمیشن کے نئے صدرنشین کا اعلان آج شام تک کیا جائے گا، جیسا کہ اس سلسلہ میں سپریم کورٹ نے ریٹائرڈ جج نرسمہا ریڈی کی جگہ کسی اور کو مقرر کرنے کی ہدایت دی ہے۔وزیراعلیٰ نے قانون ساز اسمبلی میں آج گرانٹس کے لئے مطالبات پر گرما گرم مباحث کے دوران بی آر ایس کے رکن و سابق وزیر توانائی جگدیشور ریڈی کے دعوؤں پر اپنا ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے یہ بات کہی۔سی ایم نے اس موقع پر سوال کیا کہ سابق وزیراعلیٰ، کمیشن کے روبرو کیوں حاضر نہیں ہوئے۔انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ بی آر ایس کے دور میں کروڑہا روپے پر مشتمل رشوت کے معاملات پائے گئے۔

CASE:

سابق ریاستی چیف سکریٹری سومیش کمار اور دیگر 4 ملزمین کے خلاف مختلف کمپنیوں کی جانب سے جی ایس ٹی کے سلسلہ میں 1400 کروڑ روپے سے زائد رقمی چوری سے متعلق اسکام میں ملوث ہونے کے لئے کیس درج کیا گیا ہے۔حیدرآباد سٹی پولیس نے یہ بات بتائی۔سابق چیف سکریٹری نے مبینہ طور پر آئی آئی ٹی حیدرآباد کے تیار کردہ محکمہ ٹیکس کے ماڈل میں تبدیلیاں کرتے ہوئے بے ایمان کمپنیوں کی حمایت کی تھی اور اِس بات کی اجازت دی تھی کہ بے قاعدگیوں کو چھپا دیا جائے پولیس نے یہ بات بتائی۔سومیش کمار کے علاوہ ایڈیشنل کمشنر کمرشیل ٹیکسس وشوسوراراؤ، ڈپٹی کمشنر حیدرآباد رورل شیوارام پرساد، آئی آئی ٹی حیدرآباد کے اسسٹنٹ پروفیسر شوبھن بابو اور پلینٹو ٹکنالوجی پرائیوٹ لمیٹڈ کے نام سازش اور بے قاعدگیوں میں ملوث ہونے کے لئے ایف آئی آر میں درج کئے گئے ہیں۔ سنٹرل کرائم اسٹیشن (سی سی ایس) کی جانب سے یہ بات بتائی گئی۔

☆☆☆

ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن کو مہاراشٹرا کا گورنر بنائے جانے کے احکام تناظر میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ان سے راج بھون پہنچ کر ملاقات کی۔رادھا کرشنن جلد ہی گورنر مہاراشٹرا کے عہدہ کا جائزہ حاصل کریں گے۔ان کی جگہ نئے گورنر جشنو دیو ورما کو مقرر کیا گیا ہے۔سرکاری ذرائع کے مطابق ورما ریاستی گورنر کی حیثیت سے آئندہ دو دن کے دوران جائزہ حاصل کرلیں گے۔

☆☆☆

آج دنیا بھر میں شیروں کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ اِس دن کو منائے جانے کا اصل مقصد شیروں کی حفاظت کے لئے عالمی سطح پر ایک نظام بنانا اور شعور بیداری کے علاوہ شیروں کی حفاظت کے لئے حمایت کرنا ہے۔ ورلڈ وائلڈ لائف فنڈ کے مطابق ہندوستان میں اِس وقت شیروں کی آبادی مستحکم ہے یا بڑھ رہی ہے۔ انٹرنیشنل ٹائیگر ڈے، ریاست میں ضلع منچریال میں واقع کاول ٹائیگر سینٹیو چیری اور ضلع ناگر کرنول کے امرآباد ٹائیگر ریزرو میں منایا گیا۔ اس موقع پر آصف آباد ضلع میں ایک بیک ریالی نکالی گئی۔ ڈویژنل فاریسٹ آفیسر اپلا کونڈا نے اس ریالی کو جھنڈی دکھائی۔ امرآباد ٹائیگر ریزرو میں شیروں کی آبادی میں اضافہ ہوا ہے، جہاں اس وقت 30 شیر موجود ہیں۔ اس طرح یہ مقام شیروں کی آبادی کے معاملہ میں ملک بھر میں دوسرے نمبر پر ہے۔ ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر روہیت نے کہا کہ شیروں کی آبادی میں قابل لحاظ اضافہ ہوا ہے، جیسا کہ 2018ء میں محض 7 شیر تھے۔ انہوں نے کہا کہ امرآباد میں شیروں کی آبادی میں اضافہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ محکمہ جنگلات کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کے اچھے نتائج برآمد ہورہے ہیں۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے پیرس اولمپکس 2024ء میں حصہ لینے والے ریاستی اتھلیٹس سے آج فون پر بات کی اور اِن مقابلوں کے پہلے دور میں کامیابی حاصل کرنے پر انہیں مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ نے باکسر نکہت زرین، ٹیبل ٹینس کھلاڑی سریجا اکولا اور بیڈمنٹن اسٹار پی وی سندھو سے بات چیت کی اور انہیں بہترین مظاہرہ کرنے پر مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ کے دفتر کے مطابق ریونت ریڈی نے شوٹر ایشا سنگھ سے بھی بات کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا جو اپنے مقابلہ کی تیاری کررہی ہیں۔ سی ایم نے ریاست سے تعلق رکھنے والے تمام اتھلیٹس کے ساتھ نیک تمنائیں وابستہ کیں اور اس امید کا اظہار کیا کہ اگلے راؤنڈس میں بھی وہ اسی طرح عمدہ مظاہرہ کا سلسلہ برقرار رکھیں گے اور ملک کا نام روشن کریں گے۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے پھر ایک بار چیف سکریٹری شانتی کماری پر زور دیا ہے کہ مداخلت کرتے ہوئے ریاستی حکومت کی ویب سائٹس اور سوشیل میڈیا پلیٹ فارمس پر سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کے دور سے متعلق اہم مواد کو ہٹائے جانے کے خلاف کارروائی کی جائے۔ کے ٹی آر نے اسے ڈیجیٹل غنڈہ گردی قرار دیتے ہوئے اس سلسلہ میں فوری کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ سابق وزیر نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ مواد عوامی ملکیت ہوتا ہے اور یہ تلنگانہ کی تاریخ کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ اس سلسلہ میں اگر کوئی کارروائی نہیں کی گئی تب وہ قانون کا سہارا لیں گے۔

☆☆☆

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ پردھان منتری آواس یوجنا اربن اسکیم کے تحت اب تک ایک کروڑ 18 لاکھ سے زائد مکانات کی منظوری دی جاچکی ہے۔ مملکتی وزیر برائے امکنہ وشہری امور ٹوکھن ساہو نے آج راجیہ سبھا میں ایک سوال پر تحریری جواب میں یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ ایک کروڑ 14 لاکھ سے زائد منظورہ مکانات کی تعمیر شروع ہوچکی ہے، جبکہ 85 سے زائد مکانات کی تعمیر مکمل ہوگئی ہے۔ ساہو نے کہا کہ یہ اسکیم 2015ء سے جاری ہے، جس کے تحت ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں میں کئے جانے والے اقدامات پر مرکز کی نظر ہے۔

☆☆☆

ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ راما گنڈم میں برقی پلانٹ کے تعلق سے عوامی شعبہ کے ادارہ این ٹی پی سی کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا قریبی جائزہ لیا جارہا ہے۔ این ٹی پی سی نے تجویز رکھی ہے کہ راما گنڈم میں 2400 میگاواٹ پلانٹ تعمیر کیا جائے، جس سے 85 فیصد برقی سربراہ کی جاسکتی ہے۔ قانون ساز اسمبلی میں مباحث میں حصہ لیتے ہوئے ریونت ریڈی نے الزام عائد کیا کہ پچھلی بی آر ایس حکومت نے کمیشنوں کی لالچ میں آکر اس پلانٹ کی منظوری نہیں دی۔ واضح رہے کہ کوئلہ و کانکنی کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ریاستی حکومت پر زور دیا ہے کہ این سی پی کی تجویز پر ردِعمل ظاہر کیا جائے اور ریاست کے لئے برقی خریدی کا معاہدہ کیا جائے۔

☆☆☆

اٹامیک منرلس ڈائرکٹریٹ فار ایکسپلوریشن اینڈ ریسرچ (اے ایم ڈی) نے جو محکمہ اٹامیک توانائی (ڈی اے ای) کا ایک یونٹ ہے، آج اپنا 75 واں یوم تاسیس منایا۔ بیگم پیٹ حیدرآباد میں واقع اے ایم ڈی کے ہیڈکوارٹر پر اس سلسلہ میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ ڈاکٹر اے کے موہنتی چیرمین اٹامیک انرجی کمیشن نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور اپنے خطاب میں کہا کہ ملک میں اٹامک منرلس کے علاوہ نیوکلیئر سائنس اور تکنالوجی میں ترقی ہوئی ہے۔ انہوں نے اے ایم ڈی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اِس موقع پر ڈاکٹر کومل کپور چیرمین و چیف ایگزیکٹیو نیوکلیئر فیول کمپلیکس، ڈاکٹر دیویدی سابق ڈائرکٹر اے ایم ڈی بھی موجود تھے۔